# سٹی آف سٹوک آن ٹرینٹ سکستھ فورم کالج والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کا چارٹر

**تعارف**

ہم سٹی آف سٹوک آن ٹرینٹ سکستھ فورم کالج کے طلباء کی کامیابیوں پر فخر کرتے ہیں۔ ہمارے طلباء کی ایک کثیر تعداد یونیورسٹی کورسز کی وسیع گنجائش کے لیے یونیورسٹیوں بشمول آکسبرج، رسل گروپ، سٹن 30 اور مقامی یونیورسٹیوں میں ترقی پا کرگئے ہیں، جبکہ دیگر نے اپرنٹس شپ، بشمول ڈگری اپرنٹس شپ، یا براہِ راست ملازمت کا انتخاب کیا؛ ہم ہر نوجوان کی بھرپور مدد کرتے ہیں چاہے ان کے لیے کوئی بھی ترقی کا راستہ مناسب ہو۔

سکستھ فورم کالج ایک ثانوی سکول سے بہت مختلف سیکھنے کا ماحول ہے۔ ہم نوجوانوں کی اپنے رویے اور ترقی کی ذمہ داری لینے میں ان کی مدد کرتے ہیں۔ یہ مدد کالج میں موجود بے شمار اساتذہ کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے، تاہم ایک والدین/دیکھ بھال کرنے والے کی حیثیت سے آپ کا کردار بھی اتنا ہی اہم ہے؛ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کا مثبت تعامل نوجوان کے سیکھنے، رویے، حاضری اور ترقی میں مثبت اثرات مرتب کرتا ہے۔

نوجوان کی تعلیم کے سلسلے میں والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کے ڈالے گئے حصے کی کالج قدر کرتا ہے اور آپ کے ساتھ شراکت داری میں کام کرنا پسند کرے گا تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارے تمام نوجوان اپنی صلاحیت کو بروئے کار لائیں۔ اس لیے، ہم مستعدی سے والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ کالج سے رابطہ کریں اور تعلیمی عملے سے ملیں جلیں تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارے ساتھ رہتے ہوئے ہمارے تمام نوجوانوں کو کامیاب ہونے کا موقع ملے۔

**بحثییت قابل قدر والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کے، آپ مندرجہ ذیل وصول کرنے کی توقع کر سکتے ہیں:**

- آپ کے نوجوان شخص کو اپنی صلاحیتیں پوری کرنے میں مدد کرنا۔
- ستمبر میں آپ کے نوجوان شخص کی پڑھائی کے پہلے سال کی معلوماتی شام میں ہمارے والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کو دعوت نامہ۔
- ہمارے سی ای ڈی اے آر (CEDAR) طلباء کے معلوماتی نظام کی رسائی کے لیے لاگ اِن تفصیلات اور پاس ورڈ، جہاں آپ پورے تعلیمی سال کے دوران کسی بھی وقت اپنے نوجوان شخص کی حاضری، وقت کی پابندی اور ان کے تمام مضامین میں ترقی کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
- خزاں اور بہار کی ٹرم میں والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کو دعوت نامہ دیا جائے گا اور انہیں اپنے نوجوان شخص کی ترقی سے متعلق ان کے مضامین کے اساتذہ سے گفتگو کا موقع فراہم کیا جائے گا۔
- امتحان کے انتظامات کے بارے میں معلومات
- کالج میں اعلیٰ تعلیم کی جانب ترقی کی شام کا دعوت نامہ، جس میں مالیات اور اعلیٰ تعلیم سے متعلق مسائل، بشمول یوکاس (UCAS) درخواست دہی کا عمل؛ اور والدین کی رہنمائی کی رسائی پر غور کیا جائے گا۔
- کسی بھی سوال کا جواب کالج کے پانچ کام کے دنوں کے دوران دیا جائے۔

**آپ کے ساتھ:**

- عزت دارانہ سلوک کیا جائے گا؛ آپ کو آپ کے نوجوان شخص کی تعلیم میں ایک قابل قدر شراکت دار کی حیثیت سے دیکھا جاتا ہے۔
- اگر آپ کی کسی قسم کے مسائل یا مشکلات پر گفتگو کرنے کی خواہش ہو تو آپ کی اپنے نوجوان شخص کی ترقی کے کوچ سے رابطے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ ان کا نام سی ای ڈی اے آر (CEDAR) پر فراہم کیا جائے گا۔
- اگر آپ کو اپنے نوجوان شخص کی حاضری، وقت کی پابندی یا ترقی کے بارے میں کوئی تشویش ہو تو تعلیمی عملے یا آپ کے نوجوان کی ترقی کے کوچ کی طرف سے رابطہ۔
- بحثییت والدین گورنر کے کالج کی مقامی گورننگ تنظیم میں نمائندگی دی جائے گی۔

**سکستھ فورم کالج کی بحیثیت والدین/دیکھ بھال کرنے والے کے آپ سے توقعات:**

- اپنے نوجوان شخص کی حمایت کیجئے کہ وہ اپنے رابطے کی تفصیلات بشمول رہائشی پتے، ٹیلی فون نمبر یا ای میل ایڈریس میں تبدیلی کے بارے میں کالج کو مطلع کریں۔
- اپنے نوجوان شخص کی حمایت کیجئے تا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور ان کی حوصلہ افزائی کیجئے کہ وہ اپنے تمام اسباق اور ایسپائر (ASPIRE) ٹیوٹوریل میں حاضر ہوں؛اور مقررہ ڈیڈ لائن سے پہلے ہر سبق کے بعد پی آر ای پی (PREP) کام مکمل کریں۔
- اپنے نوجوان شخص کی حمایت کیجئے کہ وہ تمام ضروری سامان سے لیس (مثلاً قلم، کاغذ، فولڈر، اگر دستیاب ہوں تو مکمل طور پر چارج شدہ ذاتی الیکٹرونک آلہ وغیرہ ) سیکھنے کے لیے تیار ہو کر کالج میں آنے کی ذمہ داری خود لیں۔
- ہر تعلیمی سال کے دوران کم از کم ایک بار والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کی شام میں حاضر ہوں۔
- سی ای ڈی اے آر (CEDAR) والدین پورٹل پر ہر نصف ٹرم میں کم از کم ایک بار، اور والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کی شام کی ملاقات سے پہلے ایک بار لاگ ان کیجئے، تاکہ آپ کو نوجوان شخص کی حاضری اور ترقی کے بارے میں معلومات حاصل ہو جائیں۔
- اپنے نوجوان شخص کی حمایت کیجئے تا کہ وہ اپنی پڑھائی کے پروگرام سے متعلقہ کام کا تجربہ حاصل کرنے کے لیے ایک پلیسمنٹ کا تعین کرنے کی ذمہ داری لیں (اگر انہیں اس سلسلے میں مدد درکار ہو تو کالج میں مدد موجود ہے)، اور اپنے مستقبل کے پیشے کے منصوبوں پر عملی تحقیق کرنے میں ان کی مدد کیجئے۔
- کالج میں نوجوان شخص کی ترقی پر اثر انداز ہونے والے کسی بھی قسم کے مسائل یا خدشات سے متعلق نوجوان شخص کی ترقی کے کوچ سے رابطہ کیجئے۔ان کے نام سی ای ڈی اے آر (CEDAR) پر دستیاب ہوں گے۔
- ٹرم کے دوران وقت چھٹیوں پر جانے، اور غیر ضروری طبّی ملاقاتیں کرنے سے پرہیز کیجئے، گاڑی چلانا سیکھنے کے سبق/ٹیسٹ کی بکنگ اور دیگر غیر ہنگامی ملاقاتوں کو **سبق سے علاوہ اوقات** میں طے کرنے کو یقینی بنائیے۔

ہم والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کی سٹی آف سٹوک آن ٹرینٹ سکستھ فورم کالج میں شمولیت کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ کالج کی ویب سائٹ پر 'والدین اور دیکھ بھال کرنے والے' کے ٹیب کے نیچے والدین/دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے مزید معلومات دستیاب ہیں۔

اگر آپ کو کوئی شکایات ہیں، تو براہِ مہربانی پہلی فرصت میں اپنے نوجوان شخص کی ترقی کے کوچ سے رابطہ کیجئے، جو متعلقہ عملے سے رابطہ کریں گے؛ تمام شکایات کو منصفانہ اور مستعدی سے نمٹایا جاتا ہے۔

براہِ مہربانی اگر آپ کے پاس کوئی سوالات، خدشات یا بہتری کے لیے تجاویز ہیں تو ویب سائٹ پر دستیاب رابطے کی تفصیلات کے ذریعے ہم سے رابطہ کرنے میں بالکل نہ ہچکچائیں۔

ہم آپ کے ساتھ کام کرنے کے متمنی ہیں۔